THE
SENATE OF PAKISTAN
DEBATES

OFFICIAL REPORT

Monday, the June 15, 2020
(299th Session)
Volume V, No.05
(Nos.01-09)

Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad

Volume V	SP.V (05)/2020
No.05	15

Contents

1. Recitation from the Holy Quran 1
2. Leave of Absence 2
3. Discussion on the Finance Bill, 2020-21 3
    - Senator Sherry Rehman 3
    - Senator Dr. Shahzad Waseem, Leader of the House 12
    - Senator Lt. General (Retd.) Abdul Qayyum HI(M) 20
    - Senator Mian Raza Rabbani 28
    - Senator Muhammad Azam Khan Swati 36

SENATE OF PAKISTAN
SENATE DEBATES

Monday, the June 15, 2020

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at four in the evening with Mr. Chairman (Muhammad Sadiq Sanjrani) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا ۚ وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزٰٓى اِلَّا مِثْلَهَا وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿١٦٠﴾ قُلْ اِنَّنِيْ هَدٰىنِيْ رَبِّيْٓ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۚ دِيْنًا قِيَمًا مِّلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ۚ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿١٦١﴾ قُلْ اِنَّ صَلَاتِيْ وَنُسُكِيْ وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٦٢﴾ لَا شَرِيْكَ لَهٗ ۚ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿١٦٣﴾

ترجمہ: جو کوئی (خدا کے حضور) نیکی لیکر آئیگا اسکو ویسی دس نیکیاں ملیں گی۔اور جو برائی لائے گا اسے سزا ویسی ہی ملے گی اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔ کہہ دو کہ مجھے میرے پروردگار نے سیدھا رستہ دکھا دیا ہے (یعنی دین صحیح) مذہب ابراہیم کا جو ایک (خدا) ہی کی طرف کے تھے اور مشرکوں میں سے نہ تھے۔(یہ بھی) کہہ دو کہ میری نماز اور میری عبادت اور میرا جینا اور میرا مرنا سب خدائے رب العالمین ہی کیلئے ہے۔ جس کا کوئی شریک نہیں اور مجھ کو اسی بات کا حکم ملا ہے اور میں سب سے اول فرمانبردار ہوں۔

سورۃ الاعراف (آیات نمبر 161 تا 164)

Leave of Absence

جناب چیئرمین: جزاک اللہ۔ السلام علیکم۔

سینیٹر ولید اقبال صاحب نے بعض ناگزیر وجوہات کی بناء پر آج مورخہ 15جون کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: سینیٹر میاں عتیق شیخ صاحب اسلام آباد سے باہر ہونے کی وجہ سے مورخہ 12 جون کو اجلاس میں شرکت نہیں کرسکے تھے۔ اس لئے انہوں نے اس تاریخ کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: میں نے کہا شاید میاں صاحب آج نہیں ہیں۔ سینیٹر محمد طلحہ محمود صاحب بعض نجی مصروفیات کی بناء پر مورخہ 5تا12جون اجلاس میں شرکت نہیں کرسکے تھے۔اس لئے انہوں نے ان تاریخوں کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: سینیٹر کہدہ بابر صاحب نے بعض نجی مصروفیات کی وجہ سے مورخہ 12 جون تا اختتام حالیہ اجلاس کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

Mr. Chairman: Today we will start consideration of the following motion moved by Mr. Muhammad Hammad Azhar, Minister for Industries and Production on 12th June, 2020, that the Senate may make recommendations, if any, to the National Assembly on the Finance Bill, 2020, containing the Annual Budget Statement, as required under Article 73 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan. Senator Sherry Rehman Sahiba! open the debate.

Leader of the Opposition نے کہا ہے کہ آپ ان کے behalf پر کرلیں۔

Discussion on the Finance Bill, 2020-21

Senator Sherry Rehman

سینیٹر شیری رحمٰن: چیئرمین صاحب! شکریہ۔ ہم سب اس وقت بجٹ اجلاس کے لیے جو کہ ایک اہم اجلاس ہوتا ہے یہاں مشکل حالات میں جمع ہیں اور آپ کا بھی شکریہ کہ آپ نے جن SOPsکے ساتھ اجلاس کا انعقاد کیا ہے۔ پچھلے سال اور گزشتہ سالوں میں میں دیکھ رہی تھی کہ ہم سب بڑی لمبی لمبی تقاریر کرتے تھے اور اس لیے لمبی تقاریر کرتے تھے کہ ہمارے لیے بجٹ کے کوئی معانی ہوتے تھے۔ یہ بہت اہم دستاویز ہوتی ہے چاہے وہ نیشنل اسمبلی کا کام ہو یا پھر ہمارا کام ہو یہ اس ہاؤس کی بھی اور دوسرے ہاؤس کی بھی آئینی ذمہ داری ہے۔ اب سارا ملک بار بار پارلیمان کی طرف دیکھ رہا ہے کہ پارلیمان کیا کرے گا؟ پارلیمان وہی کر سکتا ہے جو کہ اس کے سامنے رکھا جاتا ہے۔ اس وقت جو بجٹ اس ہاؤس کے سامنے اور نیشنل اسمبلی کے سامنے پیش کیا گیا ہے میری نظر میں ان سنگین حالات میں یہ تو بالکل ہی کسی دوسرےplanet پر بنا ہے۔ یہ بجٹ معاف کیجیے گا، معذرت کے ساتھ پچھلے سال کی cut and paste exercise ہے، ایسا لگتا ہے کہ کسی نے بس کوئی accountingکا مرحلہ گزارنا تھا وہ گزار لیا، بس جان چھڑا کر کسی طرح نمبرز کو اوپر نیچے کر کے booksچھاپیں، lay کریں اور sessionکو ختم کریں۔ میں سمجھتی ہوں کہ حالات بہت مشکل ہیں۔

جناب چیئرمین صاحب! لیکن قوموں کی تاریخ میں وقت آتا ہے کہ جب انہیں فیصلے کرنے ہوتے ہیں اور یہ وہ وقت ہے بہت اہم، مشکل اور کلیدی فیصلے کرنے کا، structural changesلانے کا وقت آچکا ہے کیونکہ ہمارے سامنے ایک ایسی ایمرجنسی ہے جو پاکستان کی تاریخ میں اور دنیا کی تاریخ میں کم از کم ہماریgenerations نے، ہماری نسلوں نے نہیں دیکھی ہے۔

چیئرمین صاحب! یہ بجٹ ایسے حالات میں پیش کیا گیا ہے کہ Covid-19 pandemic کی جان لیوا وبا کو ہم ایک ماسک کی طرح استعمال کر رہے ہیں، جو ہم اور آپ لگائے ہوئے ہیں وہ پردہ منہ پر اس بجٹ کا ہے کہ Covid کی وجہ سے ہم ان حالات میں اس طرح کا بجٹ لے کر آئے ہیں جبکہ حقیقت میں Covid سے پہلے بھی اس ملک میں جو معاشی حالات تھے، اقتصادی

صورت حال اس نہج پر پہنچی گئی تھی کہ ساری دنیا چھوڑیں، پورا پاکستان پوچھ رہا تھا کہ کون اس اکانومی کو چلا رہا ہے۔

چیئرمین صاحب! اس وقت ملک ایک roadmap کو ڈھونڈتے ہوئے، ایک راستہ ڈھونڈتے ہوئے کھڑا ہے۔ لوگ اس وقت ہسپتالوں کے باہر کھڑے ہوئے ہیں اور ہمیں بتایا جا رہا ہے اور میں آپ کو تصاویر ابھی دکھا سکتی ہوں، پنجاب کی یا کہیں کی بھی ہوں، سندھ کی بھی ہو سکتی ہیں کیونکہ اب یہ صورت حال ایسی ہو گئی ہے کہ ایمرجنسی سے تو بات بہت آگے نکل گئی ہے لیکن ہم نے National Emergency کا نام نہیں سنا، ہم نے پہلے سنا اور میں اس issue کو پہلے address کرنا چاہتی ہوں کیونکہ اصل میں یہ crisis budget ہونا چاہیے تھا لیکن یہ ہے نہیں بلکہ اس کا نام crisis رکھا گیا ہے، by the way وہ بھی نہیں دیا گیا۔ اس کی messaging اتنی خراب ہے کہ وہ بھی manage نہیں کیا گیا بس کہ جی Covid کے حالات کی وجہ سے ہم یہاں کھڑے ہیں۔

اب جو صورت حال ہے وہ ایسی ہے کہ ہسپتالوں پر اتنا دباؤ ہے کہ health sector کی سنگین structural کمزوریاں نظر آ رہی ہیں جو سب کے سامنے عیاں ہیں۔ کل Planning Minister نے، ان کی ذات پر کوئی قدغن نہیں، سب کی ہم عزت کرتے ہیں، کہا ہے کہ آپ دیکھیں ناں اموات یہاں تک پہنچ گئی ہیں اور تین لاکھ اموات، اتنی ہوتی جا رہی ہیں۔

چیئرمین صاحب! اموات تین لاکھ سے زیادہ ہوں گی اگر ایکشن نہیں لیا گیا۔ کچھ بڑی خوفناک predictions چل رہی ہیں models جو بنتے ہیں اور ان میں تو دو دو ملین اموات کی بات ہو رہی ہے، transmissions کا تو کوئی حال نہیں ہے لیکن یہاں کے جو ذمہ دار وزراء ہیں کیونکہ کوئی پتا نہیں ہے کہ کس کے ہاتھ میں کیا ہے۔ یہ نہیں کسی کو سمجھ آ رہا کہ who is Incharge, who is Incharge of Pakistan? یہ کسی کو اس وقت سمجھ نہیں آ رہا کیونکہ وزیراعظم تو ایسا لگتا ہے دست بردار ہو گئے ہیں۔ جب کراچی میں جہاز crash ہوا تھا تو وہ نتھیا گلی چلے گئے تھے اور اب پتا نہیں کہاں جائیں گے، یہاں تو نہیں آتے کم از کم پارلیمان میں نہیں آتے۔ ہم نے یہ سمجھ لیا ہے کہ آئیں گے بھی نہیں۔ ان کو ڈھونڈنا، وہ وزیر صحت ہیں کہ لوگوں کے زخموں پر مرہم لگائیں، میری نظر میں وہ بے کار سی مشق ہے۔ انہوں نے کہہ دیا ہے کہ وہ سختی کریں گے۔ ان کے وزیر منصوبہ بندی نے کل

کہاکہ اموات اتنی اتنی ہو گئی ہیں۔بنیادی طور پر This is your fault and second message, you are on your own. This is your fault and you are on your own.تو وہ دیکھ کر انسان پریشان ہوتا ہے، ہم نہیں کہہ رہے کہ کوئی بھی حکومت سنبھال سکے گی۔آپ نیوزی لینڈ نہیں ہیں، آپ تائیوان نہیں ہیں، آپ جرمنی نہیں ہیں، آپ بہت سارے ممالک جو سنبھال رہے تھے، اپنے ڈاکٹروں کی بات سن کے، اپنے سائنس دانوں کی بات سن کر، وہ آپ نہیں ہیں۔آپ نے بار بار یہاں آکر امریکہ کا حوالہ دیا، برطانیہ کا حوالہ دیا، کل برازیل کا بھی دے دیجئے گا جواب امریکا کے بعد نمبر دو پر ہے، پیچھے ہے، fast catching up.جہاں اموات کا انبار لگ گیا ہے۔

اللہ نہ کرے کہ پاکستان میں یہ صورت حال ہو لیکن نظر جو آرہا ہے وہ یہ ہے کہ ہمیں تو صرف ٹی وی پر درس دیتے ہیں کہ ہم نے آپ سے کہا تھا کہ SOPs سنیں، SOPs کی عزت کریں۔SOPs کی کیسے عزت ہو گی جب چار دن پہلے آپ کی وزیر، میں یہاں کسی کی بات نہیں کر رہی لیکن سینیئر لوگ بغیر ماسک کے پھر رہے ہیں جبکہ WHO نے آپ سے یہ بات پہلے کہہ دی تھی، دو ماہ پہلے، ہم پہن رہے تھے، آپ پہن رہے تھے لیکن ہم نے leadership example set نہیں کرنی ہوتی، وزیر اعظم تو نہیں پہنتے تھے، وہ آئی ایس آئی ہیڈ کوارٹرز گئے ہوئے تھے بغیر ماسک کے، کوئی social distancing بھی نہیں تھی تو مجھے بتائیں کہ کون ذمہ دار ہے۔

پھر کہا گیا ہے کہ دیکھیں یہ اب آپ کی ذمہ داری ہے۔ہم نے کوئی roadmap نہیں دینا، ہم نے کوئی پالیسی نہیں دینی۔یہ بڑی عجیب صورت حال ہے۔لوگ حکومت کی طرف دیکھ رہے ہیں کہ کم از کم کوئی راستہ تو نکلے۔ ہم نہیں کہہ رہے ، ہم lock down, no lock down کی debate میں بھی نہیں پڑنا چاہتے کیونکہ اس کا وقت بھی گزر گیا، اس کا بھی ایک مقصد تھا۔آپ نے پورے ملک میں اموات کو کم کرنا تھا اور فیصلہ یہ تھا اور آپ نے ہم سب کے سامنے false choice رکھ دی کہ ہم معیشت کو بچا رہے ہیں۔ ہم لوگوں کی نوکریوں کو بچا رہے ہیں جیسے غریب کا خیال ہمیں نہیں ہے، جیسے غریب صرف ان کے دل کے نزدیک ہیں لیکن ہمارا سوال تھا کہ جو غریب پھر جائیں گے رلتے ہوئے، اور تصویریں آپ دیکھیں خیبر سے کراچی تک رل رہے ہیں وہ اشرافیہ نہیں ہوں گے۔ جو لوگ کہتے ہیں کہ یہ وبا تفریق نہیں کرتی غلط کہتے ہیں بالکل تفریق کرتی ہے۔

وزیر اعظم کو، صدر کو ہوتا ہے، اللہ نہ کرے کہ یہاں ہو لیکن سب سے زیادہ جن پر اثر پڑتا ہے وہ غریب ہوتا ہے۔ ان کے پاس کوئی فون کال نہیں ہو گی کسی کو کرنے کے لئے کہ جی مجھے آکسیجن دلوادو یا ICU bed دلوادو۔ وہ ہسپتالوں کے باہر سڑکوں پر پڑے ہیں اس وقت بستروں میں، وہی اٹلی کے جو شروع کے مناظر تھے وہ سب ہمارے ہاں repeat ہو رہے ہیں، میڈیا پر بند کر دیا گیا ہے۔ ملک کو confuse کیا گیا۔ پہلے کہا گیا کہ فلو ہے، کچھ نہیں ہو گا، ٹھیک ہو جائیں گے، panic نہ کریں، گھبرانا نہیں آپ نے۔ میں کہہ رہی ہوں کہ گھبرانا بہت ضروری ہے۔ گھبرائیں گے نہیں تو action plan کیسے بنائیں گے اور اس وبا کو سنجیدگی سے کیسے لیں گے۔ اس کے بعد چلیں، وزیر منصوبہ بندی نے کہا کہ یہ تو ہوتا رہتا ہے، road accidents زیادہ ہوتے ہیں۔ road accident آپ کے سو لوگوں کو infection دے کر نہیں جاتا۔

اب آپ کے سامنے اس کی exponential growth ہے، exponential growth ہو چکی ہے اور ایک خوفناک تاریک گڑھے کے سامنے ہم کھڑے ہیں۔ وہ گڑھا ہم نے خود کھودا ہے۔ ہم نے ملک کو الجھا کر رکھ دیا۔ WHO ایک بات کہہ رہا ہے، وہ کہہ رہا ہے کہ ہم عقل کل نہیں ہیں، ہم ابھی سیکھ رہے ہیں اور ابھی بضد ہیں کہ نہیں ہم لاک ڈاؤن نہیں کر سکتے۔ لاک ڈاؤن سے اب لوگ بچ نہیں سکتے لیکن اموات کم ہو سکتی ہیں۔ یہ ہے پلاننگ کا ماڈل اور اس کو بجٹ میں بھی reflect ہونا چاہیے تھا لیکن نہیں ہوا۔ یہ Covid بجٹ ہے؟ نہیں بالکل نہیں۔ یہ تو ایک accounting exercise ہے۔ اوپر سے لکھ دیا گیا ہے Covid emergency یہ وہ، آپ کھول کر دیکھیں۔ اگر Covid budget ہوتا تو بنگلہ دیش کی طرح آپ نے GDP میں health کا 5.2% percentage کر دینا تھا۔ WHO تو 5% of GDP کہتا ہے، ہم 1.2% of GDP پر کھڑے ہیں اور ہمارا آگے جانے کا کوئی پلان نہیں ہے۔

اس حوالے سے میں صرف یہ کہوں گی کہ اس وقت ملک میں 1279 ہسپتال ہیں، اس حکومت نے کوئی نئے ہسپتال نہیں بنائے۔ وہ 2018 figure سے frozen ہے، 1608 beds ہیں ان میں کوئی اضافہ نہیں ہوا ہے۔ اب کل سے اعلان ہو رہے ہیں کہ ہم آکسیجن منگوا رہے ہیں، ہم صوبوں کو یہ بھیج رہے ہیں۔ یہ سارا کام تین ماہ پہلے ہونا تھا تاکہ لائنیں نہ لگیں۔ آپ لوگوں پر کیوں تجربات کر رہے ہیں؟ آپ نے دوسرے ممالک دیکھے اور خدارا! ان کا حوالہ نہ دیں جہاں

authoritarian leaders نے غلط فیصلے کیے اپنی سیاست بچانے کے لئے، وہ سیاست یہ کہ ہم jobs and economy کو manage کریں، کہاں manage کئے؟ میں آپ سے randomly کہہ دوں کہ آپ نے تو Steel Mills سے نو ہزار لوگ نکال دیے، بے حسی سے نکال رہے ہیں اور وزیر اعظم بار بار کہتے ہیں کہ ہم کب تک ان لوگوں کو پیسے دیں گے۔ ہر جگہ کارخانے بند ہیں۔ Poverty package, میں relief دیا ہے، BISP میں کٹوتی ہوئی ہے جو کہ اس وقت double, triple ہونا چاہیے تھا۔ اس میں کیوں کٹوتی ہوئی ہے؟ احساس پروگرام کا لوگوں کو احساس نہیں ہے جو 1.2 trillion stimulus package آیا تھا، اس میں free funding تھی۔ ماشاء اللہ construction sector میں کوئی package آتا، journalists ضرور دیکھیں کہ ان کو کتنا نوازا جارہا ہے، بجائے BISP کے گھروں کے لیے زیادہ بجٹ ہے۔ یہ گھر کون خریدے گا، ان کو خریدنے کے لیے پیسے کہاں سے آئیں گے، قوت آمدن کہاں سے آئے گی؟ کوئی explanation نہیں ہے۔

جناب چیئرمین! میں افسوس سے کہوں گی کہ احساس پروگرام کا حوالہ twitter پر دیا گیا۔ جو بھی وزیر اعظم کا twitter account چلا رہا ہے، ان کو تو فارغ کر دینا چاہیے۔ انہوں نے انڈیا کو offer کر دیا کہ یہاں اتنی اموات ہو رہی ہیں، Oh! we are very sorry, آپ ہمارے احساس پروگرام کا structure دیکھیں، ہم آپ سے share کرنے کے لیے تیار ہیں۔ وزارت خارجہ سے پوچھ تو لیتے۔ انہوں نے کیا جواب دیا، ان کے Minister for External Affairs نے کہا کہ ہمیں آپ کے کسی پروگرام کی کوئی ضرورت نہیں ہے، ہمارا stimulus package آپ کی economy سے زیادہ ہے۔

آپ پاکستان کی سبکی کیوں کروا رہے ہیں؟ میں نے تو twitter پر جواب نہیں دیا، مجھے شرم آرہی تھی۔ میں پاکستان کی سبکی نہیں کرانا چاہتی، میں نے وہاں پر اس کو گول کر دیا۔ یہ صورتحال ہے۔ اسد عمر بار بار کہتے ہیں کہ ہندوستان میں بھی اتنی اموات ہوئی ہیں، دیکھیں! انہوں نے بے ہنگم سا لاک ڈاؤن کیا۔ آپ ہمیں پوری دنیا کے dictators کا کیوں حوالہ دے رہے ہیں؟ انہوں نے لاک ڈاؤن کیا تو آپ لوگوں کو mislead نہ کریں، گمراہ نہ کریں۔ ان کی اموات per million دیکھیں، ان کی اموات 7 per million ہیں۔ ہماری almost double ہے، 12 per million

ہیں۔آپ ابھی بھی لوگوں کو جھانسے میں ڈال رہے ہیں۔ جناب! بہت مشکل حالات ہیں۔آپ کو دیکھنا چاہیے کہ ہم کہاں پر کھڑے ہیں۔ کرنے کو بہت سی باتیں ہیں لیکن میری نظر میں اس وقت بہت ضروری تھا کہ آپ سب کو چھوڑ کر health sector کو بڑھاتے۔ You have one doctor per 963 people. یہ statistics اس سے پہلے کے ہیں جب doctors بھی infect ہو کر اس وبا کا شکار ہوئے ہیں، روز خبر آتی ہے کہ ہمارے frontline مسیحاؤں کے ساتھ یہ ہو رہا ہے، پہلے ان کے پاس Personal Protective Equipment (PPE) نہیں تھا، PPE تو ماشاء اللہ export ہو رہا ہے، یہاں پر آپ کی exports بڑھ رہی ہیں، پاکستان کے اندر سخت ضرورت ہے۔ کیا یہ بے حسی نہیں ہے؟ یہ بے حسی ہے کہ آپ نے herd immunity جو بالکل جسے کہتے ہیں کہ آپ ملک میں slaughter houses بنا رہے ہیں، herd immunity کا مطلب ہے کہ 60-70% لوگ خود infect ہو جائیں گے۔ جو بچ گیا وہ بچ گیا، باقی اللہ اللہ خیر سلاّ۔ یہ آپ کی planning ہے، یعنی lack of planning کہ آپ نے قوم کو اتنی سنگین ، جان لیوا مصیبت سے بچنے کے لیے یہ دیا کہ ہم نے آپ کو پہلے کہا تھا کہ masks استعمال کر لیں، خود تو نہیں استعمال کرتے تھے۔ ہم نے کہا تھا کہ بازار جائیں گے تو کھڑے رہیں گے۔ اس میں ہماری عزت مآب عدالتوں کا بھی ہاتھ ہے، انہوں نے judgement دیا کہ صوبے وفاقی حکومت کو follow کریں اور عید سے پہلے سب کچھ کھول دیں، Shopping Malls کھول دیں، Shopping Malls کھولنے کی کیا ضرورت تھی؟ جب جانیں بچیں گی تو معیشت بچے گی، first life versus livelihood, epidemiologist versus economist کیوں انہوں نے بنایا؟

آپ نے صحت کو بجٹ نہیں دیا، کیوں نہیں دیا، میں نہیں سمجھتی کہ آپ بے حس ہیں، آپ کی سوچ ہی وہاں تک نہیں گئی کہ یہ accounting access کہ Covid کوئی چیز ہے، یہ بجٹ ایک crisis budget ہونا چاہیے تھا، وہ health صوبوں کے ذریعے جاتی، صوبے بلبلا رہے ہیں، ان کے ذریعے جاتی لیکن ادھر آپ نے NFC Award کو بھی کٹ مار دیا، اس کی غیر آئینی کمیٹی بنا دی، Adviser نہیں بیٹھ سکتا، اس کی Chairmanship بالکل غلط ہے، غیر آئینی ہے۔ آئین پر، Federation پر، ہر چیز پر حملہ کیا گیا۔ Steel Mills کے ملازمین کی firing ہوئی، یہ فیصلہ

Council of Common Interests کے بغیر نہیں ہو سکتا لیکن آپ نے کیا، آپ کرتے جا رہے ہیں۔ آپ پھر کہتے ہیں کہ ہم نے سندھ کے ہسپتالوں کو takeover کرنا ہے، بار بار یہ بات float ہوتی ہے۔ سندھ کا پرائمری ہسپتال NICVD اور اس کے 8 satellites اب دنیا کے outstanding heart centres میں سے ہیں اور free of charges ہیں۔ آپ کی نظریں اس پر جا رہی ہیں۔ سندھ حکومت اس کو چلانے کے لیے ہر سال 40 billion دیتی ہے، آپ تو 13 billion بھی نہیں دے سکیں گے۔ آپ کیا کر رہے ہیں؟ آپ نے خیبر پختونخوا میں کون سے ہسپتال بنا لیے ہیں؟ ایک بھی نہیں ہے۔ اس وقت Lady Reading hospital کا کیا حال ہے؟

یہ budgetary exercise صرف اس لیے نہیں ہوتی کہ آپ اِدھر سے اُدھر cut and paste کر کے IMF سے کہیں کہ اچھا ٹھیک ہے۔ جناب! آئی ایم ایف کی بات آتی ہے، جو normal budgets ہوتے ہیں، خاص بات taxation, growth, اور revenue کی ہوتی ہے۔ سب ہنس رہے ہیں کہ revenue target نے پھر عجیب و غریب جھانسے میں ملک کو ڈالا ہے۔ کیسا revenue target set کیا گیا ہے جس پر آئی ایم ایف بھی ہنس رہا ہے کہ آپ کی growth target negative ہے۔ آپ نے پھر بھی دو فیصد سے زیادہ growth رکھا ہے۔ کیوں؟ کیونکہ آپ اس سال دو اور بجٹ لائیں گے۔ آپ اپنے کیے دھرے پر پھر پانی پھیریں گے۔ Mr. Chairman, I will predict they will bring rolling budget this year. This will be a mini budget, یہ پرسوں review ہو جائے گا۔ آئی ایم ایف نے بھی کہا کہ آپ کا growth target کم ہے لیکن آپ negative growth میں اوپر جا رہے ہیں۔ آپ کے revenue targets کیا ہیں؟ آپ نے 30% last miss کیا، پھر headline لگی کہ no tax budget. How it is a no tax budget? آپ نے 2.29 trillion تو indirect taxes لگائے ہیں، 200 billion additional taxes لگائے ہیں، 200 billion سے زیادہ direct taxes لگائے ہیں، 73% fuel charge لگایا ہے جو کہ petrol charge سب پر لگتا ہے۔ اگر کوئی ٹیکس نہیں لگایا ہے، آپ اپنی منطق کے مطابق بھی اس logic میں ہنس رہے ہیں۔ اگر taxes نہیں

ہیں تو آپ کا revenue کہاں سے بڑھ رہا ہے؟ کیا قرضوں سے بڑھ رہا ہے؟ اتنے قرضے لے رہے ہیں جو کسی اور حکومت نے نہیں لیے ہیں، آپ نے اٹھارہ مہینوں میں جو قرضے لیے ہیں، 71 سال میں پاکستان کی کوئی حکومت نے نہ لے سکی اور نہ کوشش کی۔ آپ نے اٹھارہ مہینوں میں 30% کر دیا ہے، آپ نے Covid-19 سے بہت پہلے 12,000 billion debt لیا ہے۔ بات صاف ہو جائے کہ اس وقت Covid کا کوئی حملہ نہیں تھا۔ آپ نے debt liabilities اتنی کر دی ہیں کہ اب لوگ calculate نہیں کر پا رہے ہیں۔ اسٹیٹ بینک کہتا ہے کہ it is now 93% of your GDP یعنی آپ کے GDP کے برابر ہو رہا ہے۔ 'Dawn' اخبار کہتا ہے کہ 102% ہیں، کوئی اور کہتا ہے کہ 98% ہیں، کسی کو پتا نہیں ہے، چلیں آپ State Bank کی figures کو accept کر لیں۔ آپ کس طرح کہہ رہے ہیں کہ ہم growth کی طرف جا رہے ہیں۔ آپ realistic budget تو بنا لیں۔ لوگوں کو جھانسے میں تو ناں رکھیں because that's what it is. میں آپ سے یہ پوچھوں گی FBR کے اہداف چھوڑ دیں، آپ سے اس وقت کون خوش ہے؟ غریب عوام تو بلبلا رہی ہے۔ ان کو تو پتا نہیں، ان کو کب نوکریوں سے نکال دیا جائے گا۔ آپ نے پہلی مرتبہ سرکاری ملازمین کی تنخواہ نہیں بڑھائی جن کے پاس اور کوئی ذریعہ معاش نہیں ہے۔ آپ نے زراعت کو ignore کیا ہے جہاں سے آپ کو اپنا food secure کرنا ہو گا وہ نہیں کیا ہے۔ کیونکہ آپ کی exports جن مارکیٹس میں جاتی ہیں cotton and wheat وہ مارکیٹس نہیں لے سکیں گی۔ سوائے چین کے، US saturate ہو چکے ہوں گے، ان کی اپنی معیشت خطرے میں ہے۔ آپ اپنی گندم اور food security کو manage کریں کہ ہم کس طرح اگلے سال لوگوں کو غذا پہنچا سکیں۔ ٹڈی دل کے بارے میں آپ نے سوچا؟ 600 billion GDP آپ کا ٹڈی دل لے کر جائے گی۔ لیکن کوئی پریشانی نہیں، ایک دوسرے پر ڈالتے رہتے ہیں، اشتہارات چل رہے ہیں کہ ہم سپرے کر رہے ہیں۔ Narrative management چل رہی ہے۔ ہر صوبہ ایک سال سے warning دے رہا ہے کوئی نہیں سن رہا، کھڑی فصلیں ختم ہو چکی ہیں، مزید ہوں گی۔ پورا ایشیا، افریقہ affected ہے لیکن بجٹ میں ایسا لگتا ہے there is Covid-19 only for messaging and there is no locust attack. So, Pakistan will be deep secure. لیکن اس کا نہیں سوچا گیا۔

جناب والا! پانی کے حوالے سے، water resources cut ہوئے ہیں جبکہ آپ کو وباء سے لڑنے کے لیے اور اپنے لوگوں کی پیاس بجھانے کے لیے اشد ضرورت ہو گی۔ جناب والا! Climate change کے وزیر پتا نہیں کیا کرتے ہیں۔ Pakistan will, officially, be dry by 2025 that water has been cut. آپ بچوں کو پڑھانا چاہتے ہیں تو کتنے علاقوں میں آپ نے internet and digital economy کے لیے رقم بڑھائی ہے۔ کچھ نہیں کیا۔ صوبوں کو اور پیسے دینے چاہیے تھے لیکن صوبہ سندھ سے آپ نے 234 billion کٹوتی کی ہے۔ صوبہ نئے نئے ہسپتال بنا رہا ہے جس کو آپ نے روز تنقید کا نشانہ بنایا۔ روز آپ نے اس پر attack کئے اور پورے crisis کو politicise کر دیا کیونکہ road map آپ کے پاس نہیں تھا اور آپ ابھی بھی confused ہیں۔ آپ کا بجٹ بھی confusing message دے رہا ہے۔ آپ پوچھ رہے ہیں ملک سے کہ آپ نے کیا کیا، آپ عوام پر ڈال دو۔ پہلے اپوزیشن پر ڈال دو، ایک joke چل رہا ہے، بنی گالہ دکھاتے ہوئے کہیں سے آواز آ رہی ہے، اوہو! یہ crisis بڑھتا جا رہا ہے، manage نہیں ہو رہا، ایک آواز آتی ہے اپوزیشن پر ڈال دو، پارلیمان پر ڈال دو، تھوڑی دیر بعد آواز آتی ہے، وہ تو cooperate کرنے کے لیے تیار ہے۔ ایک اور آواز آتی ہے اف اللہ! اب عوام پر ڈال دو، یہ بجٹ بھی عوام پر ڈال دیا، ان کے لیے اس میں کیا ہے۔ آپ نے کہا تھا lives and livelihood آپ نے livelihood دیا؟ آپ نے کہہ دیا کہ ہمیں اتنے فیصد اموات accepted ہیں۔ آپ کا بہت ہی savage, brutal message تھا پاکستانیوں کے لیے جو ہم دوسری دنیا کو نہ کہتے۔ جو fit ہو گا وہ survive کرے گا۔ اب یہ نیا Niatzism ہے this is Niatizi economy, this is Niatzi country. What budget are we even talking about. آپ پوچھیں آپ سے اشرافیہ خوش ہے، ایک percentage خوش ہے، بزنس والے خوش ہیں، نہیں ہیں۔ دو چار بزنس مین خوش ہیں، جن کو آپ پورے circular debt میں نوازتے رہے ہو۔ مثلاً جو آپ کے advisers ہیں۔

جناب چیئرمین: شکریہ، بڑی مہربانی۔

Senator Sherry Rehman: We are really not interested in this budget, it is not a budget, it is cut and paste and it is squandered opportunity to unite the

Federation to take strategy advantage of a crisis and to heal the trauma of this country is going through. Thank you.

جناب چیئرمین: جی لیڈر آف دی ہاؤس۔

Senator Dr. Shahzad Waseem, Leader of the House

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم (قائد ایوان): شکریہ، جناب چیئرمین! آج جب یہ بجٹ پیش کیا گیا اور بجٹ discuss ہو رہا ہے۔ یقیناً اس وقت غیر معمولی صورت حال نہ صرف پاکستان میں ہے بلکہ پوری دنیا میں ہے۔ یہاں سے کچھ سوالات اٹھائے گئے اور میں کوشش کروں گا کہ بڑے ادب کے ساتھ ان کے جوابات دوں۔ جناب والا! سب سے پہلے جب بھی کسی صورت حال یا چیلنج کا سامنا ہوتا ہے تو یہ ضروری ہے کہ ہم اس کے تمام خدوخال پر نظر رکھتے ہوئے پھر اپنے فیصلے کریں۔ بڑا آسان ہے یہ statement دے دینا کہ کچھ نہیں کیا گیا، یہ کہہ دینا کہ تباہی ہو گئی، یہ کہہ دینا کہ آپ روک نہیں سکے، یہ تو اتنے تواتر سے کہا جا رہا ہے کہ مجھے تو شک ہونے لگا ہے کہ کل کو جب چاند گرہن کی نوید آئے گی تو شاید پھر بھی ہمیں سننے کو ملے کہ آپ نے بروقت اقدامات کئے ہوتے تو شاید اس سے بچا جا سکتا تھا۔

جناب والا! پوری دنیا کا نقشہ ہمارے سامنے ہے، کہا جاتا ہے مثال نہ دیں، کیسے مثال نہ دیں، جب پوری دنیا ایک آفت سے نبرد آزما ہے اور شاید کئی جگہوں پر وسائل بھی ہم سے بہتر ہیں۔ Health facility بھی بہت بہتر ہے، معیشت بھی بہت بہتر ہے لیکن اس کے اثرات تو دنیا نے دیکھے۔ وہ اثرات یہ بتاتے ہیں کہ پاکستان نے اپنے محدود وسائل، اپنے محدود options کے باوجود leadership کے بروقت اور consistent فیصلے کی وجہ سے، میں دہراؤں گا consistence فیصلوں کی وجہ سے، یہاں بار بار لفظ use "confuse" کیا جاتا ہے please اس پر debate کر لیں consistent فیصلے day one سے لیے گئے ہیں اور timeline کے ساتھ یہ بتایا گیا ہے کہ اس timeline کے اندر اس طرح کے extreme فیصلے کرنے ہیں اور یہ ایک continuous process ہے۔ یہ event نہیں ہے کہ بند کمرے میں بیٹھے اور ایک فیصلہ سنا دیا اور یہ فیصلہ پانچ سال کے لیے لاگو ہو گیا۔ یہ continuous modern monitoring, continuous evaluation اس کے ساتھ ساتھ یہ فیصلے ہوں گے۔

جناب والا! چونکہ بجٹ پر بحث ہے لہٰذا میں زیادہ کوشش کروں گا کہ اپنے آپ کو بجٹ پر محدود رکھوں۔ دنیا کی معیشت کو دیکھیں کیا کیا اثرات ہوئے۔ UK میں 20% economy contract ہوئی، ساڑھے گیارہ فیصد GDP میں کمی ہوئی۔ اٹلی، فرانس اور سپین جیسے ممالک میں گیارہ فیصد GDP میں کمی ہوئی۔ امریکہ جیسے ملک میں 20 million کے قریب لوگ بے روزگار ہوئے۔ ابھی global financial data کے مطابق 7100 million لوگ Covid-19 کی وجہ سے دنیا میں extreme poverty میں جا سکتے ہیں۔ جب ہم extreme poverty کی بات کرتے ہیں تو اس کا مطلب ہے 1.90 US dollar per day جو کہ پاکستان کے context میں کافی بہتر رقم ہے۔ اپنے ارد گرد دیکھیں، ترکی کی معیشت بڑے اچھے طریقے سے چل رہی تھی، وہاں پر بھی پچھلے انیس سال کی بدترین inflation کا سامنا کرنا پڑا۔ یہاں انڈیا کی بات ہوئی، انڈیا کی growth پچھلے گیارہ سال کے حوالے سے اپنی بدترین سطح پر ہے۔ آپ کو یہ موازنہ کرنا پڑے گا، آپ چیزوں کو ایک دوسرے کے ساتھ رکھ کر دیکھیں گے۔ اگر صرف مخالفت اور میں 'نہ مانوں' کے تحت آپ نے چلنا ہے تو یقیناً کسی argument اور debate کی شاید کوئی گنجائش نہ رہے۔ یہ بار بار کہا جاتا ہے کہ آپ نے معیشت کے حوالے سے ٹھیک فیصلے نہیں کیے ہیں، آپ یہاں پر ہیں آپ کو تو وہاں تک پہنچنا چاہیے تھا یہ Corona کی وبا تو اب آئی ہے۔ پاکستان کی معیشت تو آپ لوگوں کی حکومتوں سے پچھلی کئی دہائیوں سے وبا کا شکار ہے، corruption, بدانتظامی، بے حسی یہ وہ وبا ہیں جو پاکستان کی معیشت کو ventilator کی سطح پر لیکر گئی تھی اور یہ ملک دیوالیہ ہونے کے قریب جا چکا تھا۔ جناب! پچیس سے تیس ہزار ارب تک کے قرضوں کے انبار، خزانہ خالی اور نظر دوڑا کر دیکھیں تو اس وقت کے حکمرانوں کی طرز زندگی اور ان کا طرز عمل، معیشت کی صورت حال ایسی اور حکمران امیر سے امیر تر، خوب سے خوب تر اور عوام غریب سے غریب تر۔ یہ صورت حال تھی جو آپ چھوڑ کر گئے تھے اور آج آپ بتا رہے ہیں کہ یہ نہیں ہوا اور وہ نہیں ہوا، ہم آپ کو بتاتے ہیں کہ کیا ہوا۔ اتنے برے حالات میں بھی جب تحریک انصاف نے حکومت سنبھالی، جب پاکستان کے عوام نے ماضی کے حکمرانوں کی، دونوں خاندانوں کی معاشی پالیسیوں اور بدترین بدحالی سے زچ آ کر عمران خان صاحب کو اپنا وزیراعظم مقرر کیا تو پہلا کام یہ تھا کہ معیشت کو استحکام بخشا جائے اس کے لیے کام کیا گیا اور کامیابیاں حاصل ہوئیں کیوں کہ نیت ٹھیک ہو تو بدترین حالات میں بھی اللہ تعالیٰ کامیابی دیتا ہے۔ میں صرف چند

figures آپ کے سامنے رکھنا چاہوں گا کہ current account deficit تھا بیس ارب سے تیس ارب تک اس میں کمی لائی گئی، imports کو کم کیا گیا، exports میں growth نظر آئی، taxes کی بات کرتے ہیں جس میں 17 فیصد تک taxes کے revenue collection میں اضافہ ہوا اس کے باوجود کہ ہم جو taxes imports میں collect کرتے تھے، imports میں کمی کی وجہ سے وہ ہمیں نہیں ملے۔ Non-tax revenue میں 134 فیصد تک اضافہ ہوا، economy کو document کرنے کی کوشش کی گئی، نتیجتاً tax-filers کی تعداد میں record اضافہ ہوا۔

جناب چیئرین! یہ تمام کام کرنے کے لیے مشکل اور بروقت اقدامات کیے گئے چاہے وہ ease of doing business کے حوالے سے ہوں، چاہے وہ transparency کے حوالے سے ہوں اور چاہے وہ corruption کے خاتمے کے حوالے سے ہوں۔

جناب چیئرمین: بازئی صاحب موبائل استعمال نہ کریں۔

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم: یا بلا امتیاز احتساب کے حوالے سے ہوں۔ آپ شاید نہ agree کریں مگر دنیا کے مالیاتی اداروں نے پاکستانی معیشت کے اس استحکام اور اس پیش رفت کو تسلیم کیا، چاہے وہ IMF ہو یا وہ World Bank ہو۔ Moody's نے پاکستان کی rating کو بہتر کیا Bloomberg نے Pakistan Stock Exchange کی تعریف کی۔ جناب چیئرمین! ہم نے یہ کر کے دکھایا ہے، یہ precedent موجود ہیں۔ جب ہم take off position پر تھے تو اس نئے crisis نے COVID-19 کی صورت میں جنم لیا۔ یقیناً یہ ایک بڑا challenge تھا مگر اس challenge سے نبرد آزما ہونے کے لیے بھی بروقت اقدامات کیے گئے جن کی میں آپ کو کچھ تفصیل بتاؤں گا۔ اس سے پہلے کہ میں موجودہ budget کے کچھ features پر آؤں، ایک طرف تو challenges جو crisis management میں demand کرتے ہیں، جو relief میں demand کرتے ہیں اور جہاں آپ کے پاس taxes بڑھانے کی گنجائش نہیں کیوں کہ آپ ایسا نہیں کرنا چاہتے کہ "penny wise and pound foolish" آپ نے ٹھیک direction دی اور وہ یہ direction تھی کہ بجائے taxes میں اضافہ کرنے کے، نئے tax

لگانے کے، economic stimulus دیا جائے تاکہ business activity generate ہو، تاکہ industry revive ہو، تاکہ exports بڑھ سکیں۔

جناب چیئرمین! یہاں پر قرضوں کی بات ہو رہی تھی۔ آپ اس situation کو ذرا دیکھیے گا کہ صوبوں کو صوبوں کا حصہ دینے کے بعد وفاق کے پاس صرف 3700 ارب روپے بچتے ہیں اور ان 3700 ارب روپے میں سے 3000 ارب صرف قرضوں کی مد میں چلے جاتے ہیں۔ جناب چیئرمین! 955 salaries کی مد میں اور 1289 defence میں اور میں defence پر بھی mention کرنا چاہوں گا، میں خراج تحسین پیش کرنا چاہتا ہوں کہ ایثار کا مظاہرہ کرتے ہوئے defence forces نے cut لگایا۔ ساری قوم اس وقت اس صورت حال میں اپنا حصہ ادا کرنے کے لیے تیار ہے۔ 3700 ارب میں سے 3000 budget خسارہ ہے، آپ کے پاس 3437 ارب رہ جاتا ہے اگر 3000 آپ اس equation میں سے نکال دیں تو آپ نے تقریباً بجٹ کا خسارہ پورا کر لیا۔ 5000 ارب کا قرضہ پہلے آپ کا لیا ہوا ہے، 5000 ارب اس سے پہلے بھی ادا کیا جا چکا ہے، مجھے وہ شعر یاد آ رہا ہے کہ

مٹی کی محبت میں ہم آشفتہ سروں نے
وہ قرض اتارے ہیں کہ واجب بھی نہیں تھے

جناب چیئرمین! یہ جو بجٹ document آج ہمارے سامنے پڑا ہوا ہے یہ بجٹ document صرف اعداد و شمار کا ایک مجموعہ نہیں اس بجٹ document میں حکومتی policy اور future کا road map جھلکتا ہے۔ یہ بجٹ document leadership کے vision کا آئینہ دار ہوتا ہے اور وزیر اعظم عمران خان کا جو vision ہے، جو guidance ہے جو اس بجٹ میں ہر جگہ نظر آتی ہے، میں اس کو مختصراً تین الفاظ میں بیان کرنا چاہوں گا، آپ سارا بجٹ دیکھیں اس کا تین الفاظ میں احاطہ ہوتا ہے۔ ایک احتساب، دوسرا، ایصار اور تیسرا اصلاحات یہ وہ vision ہے پاکستان کے عوام کے لیے جو بجٹ کی صورت میں آج ہمارے سامنے موجود ہے۔ احساس کیوں، کہ ریاست اور عوام کے درمیان احساس ہی کا رشتہ ہوتا ہے جو welfare state کی بنیاد رکھتا ہے۔ ہماری حکومت کا یہ firm resolve ہے کہ ہم نے اس رشتہ کو مضبوط بنانا ہے۔ یہاں پر ہوتا رہا شاید آپ کے لیے یہ نئی چیز ہو اس لیے کہ یہاں پر تو excel sheets پر

coldbloodedطریقے سے equations پوری کر کے عوام کے سر پر تھوپ دی جاتی تھیں۔ ہم نے احساسempathy کو policy سازی کا لازمی حصہ بنایا تاکہ ریاست اور عوام ایک دوسرے کے ساتھ جڑے رہیں۔ مجھے نہیں پتا کہ یہاں پر کن figures کی بنیاد پر یہ BISP programme اور اس کے through احساس پروگرام پر بات کی گئی کہ اس میں کمی ہوئی۔ جناب چیئرمین!144 ارب روپے، ایک کروڑ بیس لاکھ خاندانوں میں تقسیم کیے جارہے ہیں اور ان میں سے ایک کروڑ مکمل بھی ہو چکے ہیں۔ جب یہ crisis آیا تو کہتے ہیں کہ آپ نے react نہیں کیا۔ فوری طور پر بارہ سو ارب روپے کا economic stimulus package دیا گیا۔ میرے وہ فاضل colleagues جن کو اس بجٹ میں Covid related allocations نظر نہیں آتیں وہ صرف اسی stimulus package کو ہی دیکھ لیں جس کے بارہ سو میں سے آٹھ سو پچھتر ارب اس وفاقی بجٹ میں مختص کیے گئے ہیں۔ یہ کس کو گئے ہیں؟ یہ دوستوں کو نوازنے کے لیے نہیں۔ یہ اپنے خاندانوں میں بانٹنے کے لیے نہیں۔ ایک سو پچاس ارب روپے پاکستان کے غریب خاندانوں میں بانٹنے کے لیے مختص کیے گئے۔ دو سو ارب روپے daily wages والے لوگوں میں جو سب سے زیادہ متاثر ہوئے۔ آپ اگر پاکستان کی workforce دیکھیں تو دیہی علاقوں کی workforce نکال کر جو باقی workforce بچتی ہے ، 72% لوگ وہ ہیں جو پاکستان میں informal sector میں روزگار کمارہے ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں جو سب سے زیادہ متاثر ہوئے۔ یہ پونے تین کروڑ کے قریب لوگ ہیں جن کے لیے دو سو ارب روپے مختص کیے گئے۔ کیا یہ پہلے کبھی ہوا کہ عوام کی سہولت کے لیے تین ماہ کے لیے utility bills کو موخر کیا گیا؟ Utility Stores کے لیے سو ارب روپے رکھے گئے۔ چھوٹے کاروبار کے لیے سو ارب روپے .and so on اس کی مزید تفصیلات میں جائے بغیر میں دوسرے نکتے کی طرف آتا ہوں جو ہے ایثار کا کہ جب مشکل وقت میں آپ قوم سے قربانی مانگتے ہیں تو حکمرانی کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ حکمران اور لیڈر اپنے طرز عمل سے should lead from the front. وزیر اعظم عمران خان نے یہ بھی کر کے دکھایا۔ اس سے پہلے کیا تھا؟ آپ اپنے پچھلے ادوار پر نظر ڈالیں، قوم سے کہا جاتا تھا کہ گھاس کھالو، گزارہ کرو اور اپنے لیے mineral water بھی فرانس سے آتا تھا۔ قوم سے کہا جاتا تھا قرض اتارو ملک سنوارو اور دوسری طرف قرض بڑھتا گیا آپ کے bank balances میں اضافہ ہوتا گیا۔ نہ صرف آپ کے bank

balances میں بلکہ آپ کے ملازمین کے بھی bank balance میں اضافہ ہوا۔ جس کی بازگشت آج کل آپ سن رہے ہیں۔ وہاں سے بھی کروڑوں اور اربوں روپے کی دودھ اور شہد کی نہریں بہنا شروع ہوتی ہیں۔

جناب چیئرمین! وزیراعظم نے اپنے گھر سے ابتداء کی اور جو مختص رقم تھی اس میں بھی اٹھارہ کروڑ کی بچت کر کے دکھائی۔ یہ کیوں اہم ہے؟ ہو سکتا ہے کہ یہ کوئی بہت بڑی figure نہ ہو، یہ اس لیے اہم ہے کہ یہ آپ کے پیچھے جس شخصیت کی تصویر ہے، قائداعظم محمد علی جناح جس کے نیچے آج مجھے یہ اعزاز ہے کہ اللہ نے موقع دیا کہ میں بات کر رہا ہوں۔ ان کا کیا پیغام تھا؟ جب ADC آتا ہے اور کہتا ہے کہ Cabinet meeting ہے اور چائے کے متعلق پوچھتا ہے تو وہ شخص جس کو اللہ نے سب کچھ دیا تھا but when it comes to public money انہوں نے اس کا انکار کیا۔ یہ ایک policy direction ہے۔ جناب چیئرمین! تیسرا جزو اصلاحات تھا۔ چونکہ reforms کے بغیر آپ sustain نہیں کر سکتے۔ Reforms کے بغیر آپ دوررس نتائج حاصل نہیں کر سکتے کیونکہ اداروں کی صورت حال آپ کے سامنے ہے۔ ان اداروں کو مضبوط کرنے کے لیے reforms کے عمل کو تیز کیا گیا۔ Public sector enterprises میں جو نقصانات تھے اس کے لیے بھی ایک جامع حکمت عملی وضع کی گئی۔ جب میں اصلاحات کی بات کر رہا ہوں تو میں ایک چیز کا خصوصی ذکر کرنا چاہوں گا کہ حال ہی میں آپ کی نظر سے sugar scandal کے حوالے سے جو پیش رفت ہوئی میں اس کا یہاں ذکر کرنا ضروری سمجھتا ہوں۔ کیوں؟ چینی کی قیمت پاکستان میں کوئی پہلی مرتبہ نہیں بڑھی۔ میں نے جب سے ہوش سنبھالا ہے یہی سنتا آ رہا ہوں۔ وہ وقت بھی یاد ہے جب یہاں پر راشن کارڈ پر چینی ملا کرتی تھی۔ جناب یہ اہم کیوں ہے؟ یہ اہم اس لیے ہے کہ جب قیمت بڑھی اس کا نوٹس لیا گیا۔ نوٹس لینے کے بعد inquiry کے عمل سے گزرے۔ جب inquiry کی بات آئی تو سب نے کہا کہ inquiries تو ہوتی رہی ہیں اور کمیشن بنتے رہتے ہیں اور investigations ہوتی رہتی ہیں یہ سب eye wash ہیں اور پھر لوگ سب چیزیں بھول جاتے ہیں۔ نہیں جناب، اس کی رپورٹ آئی۔ رپورٹ آئی تو یہ کہا گیا کہ یہ داخل دفتر ہو جائے گی کسی کو کیا پتہ۔ نہیں جناب، رپورٹ publish ہوئی، report publish ہوئی اور وہاں پر عمل رکا نہیں۔ اس کی فرانزک investigation ہوئی۔ کیوں؟ اس لیے کہ اس پورے چینی کے کاروبار کو اچھی طرح دیکھا جائے اور اس میں جو کمی اور

کوتاہیاں ہیں ان کو دور کیا جائے۔ صرف penalize کرنا مقصود نہیں تھا۔ ایک طرف جو لوگ ناجائز منافع خوری میں ملوث ہیں ان کو penalize کیا جائے اور دوسری طرف یہ بھی دیکھا جائے کہ یہ عمل کیوں ہو رہا ہے۔ جناب چیئرمین! اس ملک میں یہ ہوتا چلا آ رہا ہے مگر اب اس عمل کو روکنا ہے اور ان شاء اللہ تعالیٰ رکے گا۔ کیا ہوتا چلا گیا کہ بڑے لوگ، بڑے سیاسی خاندان، حکمران اپنی سیاسی طاقت کو، اپنے کاروبار کو protect کرنے کے لیے استعمال کرتے رہے اور دانستہ طور پر policies میں loopholes رکھا جاتا ہے۔ دانستہ طور پر ان اداروں میں اپنے لوگ بٹھائے جاتے ہیں اور پھر ان loopholes کا فائدہ اٹھاتے ہوئے بڑی سادگی سے کہا جاتا ہے کہ ہم نے تو قانون کی کوئی خلاف ورزی نہیں کی اور قانون کے مطابق کام کیا۔ اب یہ سلسلہ آگے نہیں چلے گا۔

اس بجٹ میں یہاں PSDP کے حوالے سے بات ہوئی، جناب چیئرمین! پچھلے سال کے ترقیاتی بجٹ کی allocations کے مقابلے میں مئی کے مہینے تک چوبیس فیصد disbursement ہوئی اور 149 projects ان شاء اللہ جون 2020 میں مکمل ہوں گے۔ اس سال بجٹ میں ترقیاتی کاموں کے لیے ساڑھے چھ سو ارب روپے مختص کیے گئے ہیں اور اس کے لیے ایک yard stick ایک پیمانہ رکھا گیا ہے۔ وہ کیا ہے؟ ایسے projects جن کے ذریعے روزگار کے مواقع پیدا ہو سکیں اور یہ projects پاکستان کے تمام علاقوں میں ہوں تاکہ پاکستان کے تمام علاقوں میں ترقیاتی کام ہوں۔ یہ نہ ہو کہ اگر آپ کا ایک صوبے سے تعلق ہے تو سارے projects اسی صوبے بلکہ اسی شہر میں ہوں۔

صحت کے حوالے سے میں ان کو یاد کراتا چلوں کہ آپ تو 18th Amendment کے بہت بڑے چیمپئن ہیں اور اس ترمیم کے بعد صحت ایک devolved subject ہے، اس کی بنیادی ذمہ داری صوبوں کی ہے اور چونکہ آپ نے بار بار سندھ کا ذکر کیا تو دیکھ لیں کہ کتنی allocations تھیں اور on ground result کیا ہے؟ یہ چونکہ ایک national emergency تھی، یہ نہیں ہو سکتا کہ حکومت سارا کام صوبوں پر ڈال کر اپنی ذمہ داری سے بری الذمہ ہو جائے۔ نہیں، ایسا نہیں ہوا اور نہ ایسا ہو سکتا ہے بلکہ حکومت نے صوبوں کا بھرپور ساتھ دیا، بھرپور معاونت کی اور وہ چاہے kits, equipment, capacity building or Personal Protection Equipment (PPE) کے حوالے سے ہو so on and so forth.

یقیناً یہ ایسا شعبہ ہے جو ہمیشہ neglect ہوتا رہا۔ مجھے آج ان سے یہ سن کر خوشی ہوئی کہ بالآخر ان کو بھی احساس ہوا کہ اس شعبے میں بھی زیادہ توجہ کی ضرورت ہے۔

جناب چیئرمین! کہا گیا کہ زراعت میں تو کچھ کیا ہی نہیں، کچھ ہوا ہی نہیں اور ٹڈی دل کا ذکر بھی ہوا۔ جناب! اس crisis کے درمیان دنیا میں سب سے بڑا issue food crisis کا اٹھا تھا اور دنیا کے تمام ملک اس position میں نہیں تھے کہ وہ اس سے نمٹ سکیں اور یہ بات کھل کر سامنے آئی کہ بالآخر خوراک کا نعم البدل کچھ نہیں ہو سکتا۔ یہ انسان کی بنیادی ضرورت تھی، ہے اور رہے گی۔ Food security اور مسلسل خوراک کی فراہمی کے سلسلے میں الحمد للہ بدترین حالات میں بھی پاکستان میں food security کے حوالے سے کوئی مشکل نہیں ہوئی اور supply chain جاری رہی۔ ایک سو ارب روپے، میں دہراؤں گا کہ ایک سو ارب روپے کا agricultural package دیا گیا۔ اس کے علاوہ agricultural emergency programme کے لیے رقم مختص کی گئی۔ یہ پانچ سال کا پروگرام ہے۔ زراعت کے فروغ کے لیے بارہ ارب روپے اور صرف locust control کے لیے دس ارب روپے مختص کیے گئے ہیں۔

جناب چیئرمین! اس crisis کے دوران ایک چیز کھل کر سامنے آئی کہ اس crisis کے بعد کی دنیا مختلف ہے۔ یہ آواز کئی مرتبہ اس ایوان میں بھی اٹھی اور درست اٹھی کہ ہمیں اپنے آپ کو اس بدلتی ہوئی environment کے حوالے سے re-align کرنا ہوگا۔ وہ کاروبار، صحت، پارلیمان یا ایک دوسرے سے social distancing کے ماحول میں رابطے ہوں تو information technology کا role بہت اہم صورت میں سامنے آتا ہے۔ جناب چیئرمین! اس بجٹ میں information technology کے حوالے سے بھی منصوبے رکھے گئے تاکہ پاکستان کو digitalize کیا جائے اور خصوصاً knowledge economy کے حوالے سے تاکہ ہم forced industrial revolution میں بھرپور طریقے سے داخل ہو سکیں۔ Knowledge economy ہماری پڑھی لکھی youth کے لیے job creation کا آسان طریقہ ہے۔ ہم knowledge economy میں software exports سے بھی زر مبادلہ کما سکتے ہیں۔

جناب! ease of doing business کے حوالے سے اقدامات کیے گئے ہیں اور کوشش کی گئی کہ ہماری imported luxury items کی جو عادت بن چکی ہے، اس سے نکلیں، اپنے آپ، اپنی عادات اور معاشرے میں اپنے رہن سہن کو اپنے حالات کے مطابق ڈھالیں اور made in Pakistan کے slogan کو اپنائیں۔ جناب! اسی وجہ سے جب imports رکیں تو imports substitute industry کے لیے مراعات دی گئیں تاکہ خام مال کی درآمد میں taxes and duties میں کمی ہو یا taxes کے حوالے سے ان کے جو refund کے issues ہیں، ان کو solve کیا گیا۔ یہ تمام کام اس لیے کیے گئے کہ economy stimulus ہو تاکہ economy کا پہیہ چلے اور روزگار کے مواقع پیدا ہوں۔

میں آخر میں اپنے honourable colleagues سے کہوں گا کہ یہاں کہا گیا کہ ہمیں interest نہیں، نہیں جناب، آپ کو interest لینا پڑے گا۔ آپ کو interest لینا چاہیے۔ اس لیے نہیں کہ یہ آپ کی ذاتی پسند و ناپسند ہے بلکہ اس لیے کہ آپ کو اس ایوان میں عوام نے بھیجا ہے۔ یہ امانت ہے اور آپ کو حق نہیں کہ آپ اس میں خیانت کریں۔ ہمارے colleagues interest لیں گے اور ہم اس ایوان کی collective wisdom کو welcome کرتے ہیں۔ اس ایوان کی collective wisdom ہمارے لیے بہت اہمیت کی حامل ہے اور امید ہے کہ اس بجٹ کے حوالے سے اچھی تجاویز آئیں گی۔ میں یقین دہانی کراتا چلوں کہ پاکستان کی حکومت وزیراعظم عمران خان کی قیادت میں اس بات پر مستحکم یقین رکھتی ہے کہ ہم نے جو بھی فیصلہ کرنا ہے، وہ people centric ہوگا، اس کا ایک ہی پیمانہ ہوگا کہ وہ فیصلہ قوم اور ملک کے مفاد میں ہوگا۔ بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: سینیٹر لیفٹیننٹ جنرل عبدالقیوم صاحب۔

Senator Lt. General (Retd.) Abdul Qayyum HI(M)

سینیٹر لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) عبدالقیوم ہلال امتیاز ملٹری: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! میں Leader of the House کو ان کی تقریر پر داد دیتا ہوں۔ میرے خیال میں اتنا ہی وقت Finance Minister نے بھی لیا تھا۔ میں حیران ہوں کہ جب economically بہت مخدوش حالات ہیں، یہ اس کو defend کر رہے ہیں، یہ مشکل کام ہے because

economy is really in shambles. ہم معاشی لحاظ سے تاریخ کے ایسے موڑ پر ہیں جو بڑی بد نصیبی ہے۔ میں تین، چار چیزیں کہنا چاہتا ہوں۔ میں پہلے purpose بیان کرنا چاہتا ہوں کہ بجٹ پیش کرنے کا مدعا کیا ہوتا ہے، یہ کیوں پیش کیا جاتا ہے؟ پہلی بات یہ ہے کہ بجٹ کیوں پیش کیا جاتا ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ اس کو پرکھنے کے لئے اس کے ساتھ litmus test کیا ہے جو یہ بتا سکے کہ یہ ٹھیک ہے یا نہیں۔ تیسری بات یہ ہے کہ بجٹ کن حالات میں پیش ہو رہا ہے۔ یہ بہت ہی اہم ہے۔ Leader of the House اور اپوزیشن سینیٹر شیری رحمٰن نے بھی بتایا کہ Covid-19 extra ordinary situation ہے۔ ان حالات میں ہماری sympathies حکومت کے ساتھ ہیں۔ میں آخر میں بجٹ کی ہر شق پر اپنے معروضات پیش کروں گا اور پھر recommendations دوں گا۔

جناب چیئرمین! ہمیں سب سے پہلے مدعا دیکھنا ہوگا۔ جب کبھی بھی کوئی پارٹی بنتی ہے تو اس کی leadership یہ سوچتی ہے کہ اگر ہم power میں آئے تو ملک کے لئے ہماری broad economic policy کیا ہوگی۔ ان کا ایک vision ہوتا ہے۔ اس پر سوچنے کے بعد اسے tabulate کیا جاتا ہے۔ جب الیکشن قریب آتا ہے تو وہ اسے اپنے manifesto میں دکھاتے ہیں کہ ہم پہلے سال یہ کریں گے، دوسرے سال یہ کریں گے اور پانچ سال بعد ان شاء اللہ GDP کو یہاں تک پہنچا دیں گے۔ یہ ایک broad policy ہے۔ I don't think کہ یہ پارٹی جو آج حکومت میں ہے، اس کی کبھی کوئی معاشی پالیسی تھی اور اگر تھی تو وہ کس معاشی ٹیم نے بنائی تھی۔ پچھلی ٹیم تو آج نہیں ہے اور بالکل نئے لوگ ہیں۔ اس حکومت نے جو ٹیم launch کی تھی، اسے حکومت میں آنے کے نو مہینے بعد نکال دیا تھا۔ Economic policy کی دو facets ہوتی ہیں۔ First is related to monetary policy جو money supply and interest rates سے deal کرتی ہے and second is related to fiscal policy جو taxation اور annual budget کو دیکھتی ہے۔

جناب چیئرمین! Budget اصل میں فرانسیسی زبان کا لفظ ہے جس کا مطلب wallet or purse ہے۔ اس کی ابتداء آج سے ڈھائی سو سال پہلے برطانیہ میں ہوئی جب وہ مشکل میں پھنسے اور پہلی مرتبہ بجٹ پیش ہوا۔ Sub-continent میں پہلی مرتبہ 1860 میں بجٹ پیش کیا گیا اور

اس کو پیش کرنے والےStandard Chartered Bankکے مالک تھے۔یہ ایک policy statementہوتی ہے جو یہhighlightکرتی ہے کہ how the Government in power intends to handle the economy in the coming year. یہmacro-economicsکاایک بہت ہی اہم conceptہے۔اس کو ہم ایسےlightنہیں لے سکتے ہیں۔یہ ایک estimationہوتی ہے کہ ایک سال میں ہم کتنا revenueاکھٹا کریں گے اور پھر اسے کن کن headsمیںspendکریں گے۔اس پر آپ targets setکرتے ہیں اور پھر آگے چلتے ہیں۔جوpurpose of budgetہے،وہ یہ ہے کہ it is not an exercise in futility, but to create order and discipline in financial matters. یہ نہیں ہو سکتا کہ پانچ سال بعد آپ اس پارٹی کو معاشی پالیسی کے لئے ذمہ دار ٹھہرائیں ۔ہر سال they are answerable to Parliament and people of the country کہ انہوں نے کیا targets setکئے تھےاور کس طرح انہوں نے وہtargetsایک سال میںachieveکئے۔

جناب چیئرمین! The purpose of budget is to bring transparency تاکہ یہ پتہ چلے کہ financial management کیسے ہوئی۔ Its purpose is to hold accountable those people جنہوں نے they ultimately landed up at 3800 billion so who is responsible for the shortfall of 1.6 trillion rupees? 5500ارب روپے کمانے کا کہا تھا لیکن آپ نے اسے reviseکرکے 4.8 trillionپر fixکر دیااور پھر اس سے بھی نیچے آئے۔ Who is to be held accountable for this? Balanced growthکے لئے بھی آپeffortکرتے ہیں۔بجٹ کی شقوں کوdiscussکرنے سے پہلے میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ حالات کیسے رہے ہیں۔پہلی حالتCovid-19کی رہی ہے جس پر detailed discussion Senator Sherry Rehmanنے کی ہےاور پھر Leader of the Houseنے اپنے طور جواب بھی دیا ہے۔پوائنٹ یہ ہے کہ یہ ایک serious challengeہے جس میں ہماریlives and livelihoodدونوں خطرے میں ہیں۔آپ کو healthcare, unemployment and daily wage workersکے لئے فنڈ درکار ہوں

